## سوال

(83)غیر حقیقی بھتیجی سے نکاح

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید کہتا ہے کہ غیر حقیقی یعنی : بھتیجی سے نکاح جائز ہے مگر بکر کہتا ہے کہ اس کا کیا ثبوت ہے ؟ جواب میں زید نے حضرت علی اور حضرت فاطمہ کا واقعہ پش کیا ۔ بکر نے کہاکہ یہ واقعہ آیت نازل ہونے سے پہلے کا ہے ؟ آیت نازل ہونے کے بعد اگر اس قسم کا کوئی ثبوت ہو تو بتاؤ ۔ مفصل اور مدلل جواب دیں کہ ان میں کون صحیح ہے اور کون غلط ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح زید ہی کا قول ہے اور وہی حق پر ہے :

1 ۔ حضرت علی اور فاطمہ کا نکاح بعد ہجرت قبل از غزوہ بدر مدینہ منور میں ہوا ہے ۔ پس دونوں واقعے ( نزول آیت محرمات نکاح اور نکاح علی بفاطمہ ) مدنی ہوئے اور اس امر کا کہ واقعہ نکاح آیت محرمات کے نزول سے پہلے کا ہے کوئی ثبوت نہیں ۔

بالفرض نزول آیت نکاح کے بعد ہوا ہوا تو آیت ہر گز ایسے نکاح کی محرمات اور مخالف نہیں ہے ۔

2 ۔ آیت محرمات میں میں الفاظ اخوتکم بنات الاخ بنات الاخت مطلق ہیں اور باتفاق تمام فرق اسلامیہ اخواتکم سے حقیقی علاتی اخیافی بہنیں مراد ہیں ۔چچیری خلیری میری بہنیں اس سے خارج ہیں ۔ اس طرح بنات الاخ اور بنات الاخت سے حقیقی علاتی اخیافی بھائیوں اور بہنوں کی بیٹیاں پوتیاں مراد ہیں ۔چچازاد خالہ زاد ماموں زاد بھائی بہن بیٹیاں پوتیاں اس سے خارج ہیں ۔ اس اجماع کی مخالفت کوئی معاند یا مجنون ہی کر سکتا ہے ۔

3 ۔ اگر ان الفاظ کے اطلاق سے غیر حقیقی یعنی چچیری بھتیجی وغیرہ کی حرمت پر استدلال درست ہو تو پھر کسی مسلمان مرد کا کسی مسلم عورت سے نکاح کرنا جائز ہی نہ ہو اس لئے کہ الفاظ مذکورہ مطلق ہیں ان میں نسبتی وغیرہ کی کوئی قید نہیں ہے : إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ (الحجرات :10)کی روسے تمام مسلمان مرد عورت ایک دوسرے کے بھائی ہیں لہذا بکر کے مزعومہ استدلال کے مطابق آج سے نکاح کا سلسلہ ہی بند کر دینا چاہیئے ۔

4 ۔ غیر حقیقی یعنی :چچیری بھتیجی سے نکاح شریعت اسلامی کی روسے حرام و ممنوع ہوتا تو آیت محرمات کے نزول کے بعد آں حضرت ﷺ علی اور فاطمہ کے درمیان فورا تفریقا کر دیتے جیساکہ آپ ﷺ نے ان لوگوں کو جن کے نکاح میں چار سے زائد عورتیں تھیں پانچویں اور اس سے اوپر کی عورتوں کو الگ کر دینے کا حکم دیا اور جن کے نکاح میں بیک وقت

دو بہنیں تھیں ان میں سے ایک کو الگ کر دیا اسی طرح ہر جاہلی نکاح کو جو شرعا حرام کر دیا گیا تھا ختم کر دیا۔

آں حضرت ﷺ کا علی کے نکاح کو قائم وباقی رکھنا اس امر کی کھلی ہوئی دلیل ہے کہ آیت چچیری خلیری ممیری بھتیجی اور بھانجیوں کو شامل نہیں واللہ اعلم

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

### جلد نمبر 2۔کتاب النکاح

### صفحہ نمبر 207

### محدث فتویٰ